10 جنوری 2019ء

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اسلامی مالیات کو فروغ دینے والے بہترین مرکزی بینک کا عالمی ایوارڈ جیت لیا

بینک دولت پاکستان نے سال 2018ء کے لیے اسلامی مالیات کو فروغ دینے والے بہترین مرکزی بینک کا عالمی ایوارڈ حاصل کر لیا ہے۔ یہ مقبول ایوارڈ ریڈ منی گروپ ملائشیا کے بازو اسلامک فنانس نیوز (IFN) کی جانب سے دیا جاتا ہے۔ آئی ایف این کے بہترین بینکوں کے پول کو اسلامی مالیات کی صنعت کے سب سے زیادہ باوقار اعزاز کا درجہ حاصل ہے۔

اسلامی مالیات کو فروغ دینے والے بہترین مرکزی بینک کی حیثیت سے آئی ایف این ایوارڈ کا ملنا اسٹیٹ بینک کی جانب سے ملک میں اسلامی بینکاری کی صنعت کو فروغ دینے کی کوششوں کی عالمی توثیق ہے۔ اس ایوارڈ سے ان اسٹریٹجک اقدامات کے عالمی اعتراف کی عکاسی ہوتی ہے جو اسٹیٹ بینک اسلامی بینکاری کو ترقی دینے کے لیے ایک سازگار ماحول کی فراہمی کے سلسلے میں کر رہا ہے۔

اسلامی مالیات کو فروغ دینے کے لیے بہترین مرکزی بینک کے زمرے کا شمار انتہائی سخت مقابلوں میں کیا جاتا ہے جس میں ضابطہ کار ادارے سال کے دوران ضابطہ کاری اور معیار بندی کے شعبوں میں ہونے والی غیر معمولی پیش رفت کے ذریعے اپنی بالادستی قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کو گذشتہ چار برسوں کے دوران تین مرتبہ یہ ایوارڈ جیتنے کا اعزاز حاصل ہے۔ قبل ازیں اسٹیٹ بینک کو یہ ایوارڈ 2015ء اور 2017ء میں دیا گیا تھا۔

پاکستان میں 2018ء کے دوران اسلامی بینکاری کی صنعت میں متاثر کن نمو ہوئی ہے اور بینکاری شعبے کے اثاثوں میں اس کا حصہ بڑھ کر 12.9 فیصد اور مجموعی بینکاری صنعت کے ڈپازٹس میں اس کا حصہ 14.8 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ آئی ایف این کے مطابق "پاکستانی مرکزی بینک کا تعاون اسلامی بینکاری صنعت میں ترقی کا باعث بن رہا ہے اور ملک کے شریعت سے ہم آہنگ اداروں میں تاثر کن نمو ہو رہی ہے۔

واضح رہے کہ گذشتہ برس فریقوں کی دلچسپی میں اضافہ اور اس صنعت میں توسیع کا عمل جاری رہا اور دو نئے اداروں کو اسلامی بینکاری کی مصنوعات و خدمات کی پیشکش کرنے کے لائسنس جاری کیے گئے۔ اسٹیٹ بینک نے طویل مدتی فنانسنگ سہولت کا شریعت سے ہم آہنگ ورژن جاری کیا جس سے اسلامی بینکاری صنعت کے صارفین برآمدی نوعیت کے منصوبے قائم کرنے کے لیے زراعانت پر مبنی فنانسنگ سے استفادے کے قابل ہو گئے ہیں۔ اسلامی بینکاری صنعت کے لیے ضوابطی فریم ورک کو مزید بہتر بنانے کے لیے بعض اقدامات کے علاوہ اس مسلسل ترقی کرتی ہوئی منڈی میں افرادی قوت کی ترقی میں سہولت دینے کے لیے استعداد بڑھانے کے لیے اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔

واضح رہے کہ پاکستان میں اسلامی بینکاری کی صنعت کو حکومت پاکستان کا مسلسل تعاون بھی حاصل رہا ہے۔

****